# تحائف دینے کی فضیلت اور آداب

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کا مفہوم ہے:’’ایک دوسرے کو تحفے دیا کرو (تا کہ) باہمی محبت قائم ہو سکے



تحریر----
مفتی محمد وقاص رفیع

معاشرتی زندگی میں پیار محبت بڑھانے میں باہمی تحائف وغیرہ کے تبادلے کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔

خلوص و محبت کا اظہار کرنے اور بڑھانے کے لیے تحفے تحائف کا تبادلہ باہمی دلوں کے جوڑنے کا حیرت انگیز زود اثر نسخہ ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کا مفہوم ہے:’’ایک دوسرے کو تحفے دیا کرو (تا کہ) باہمی محبت قائم ہو سکے۔‘‘

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، مفہوم:’’آپس میں ایک دوسرے کو تحفے دیا کرو کیوں کہ ہدیے، تحفے دلوں سے کینہ نکال دیتے ہیں۔‘‘ (معجم ابن المقری)

حضرت ابُو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، مفہوم: ’’آپس میں ہدیے تحفے دیا کرو، کیوں کہ ہدیہ سینوں کی کدورت و رنجش کو دُور کرتا ہے اور ایک پڑوسن دوسری پڑوسن کے ہدیے کو حقیر نہ سمجھے اگرچہ وہ بکری کے کھر ہی (کا ہدیہ) کیوں نہ ہو۔‘‘ (جامع ترمذی)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، مفہوم:’’اگر مجھے بکرے کے ایک پائے کا ہدیہ دیا جائے تو میں اسے قبول کرلوں گا، اور اگر مجھے دعوت دی جائے تو میں اس پر حاضر ہوں گا۔‘‘ (جامع ترمذی)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، مفہوم: ’’تحفہ میں تین چیزیں واپس نہ کی جائیں: تکیہ، خوش بُو اور دودھ۔‘‘ (ترمذی)

ہمارے معاشرے میں یہ بات عام ہے کہ شادی خوشی کے مواقع پر دوسروں کو بہت سارے تحفے تحائف دیے جاتے ہیں، پھر اگر معاملات کسی وجہ سے بگڑ جاتے ہیں تو وہ تحفے تحائف واپس کرنے کا کہا جاتا ہے، حالاں کہ شریعت کی رُو سے ایسا کرنا حرام اور ناجائز ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، مفہوم: ’’ہم میں یہ بُری مثال نہیں ہونی چاہیے کہ جو کوئی ہدیہ کرکے اس کو واپس لے وہ اُس کتّے کی طرح ہے جو قے کرکے اسے چاٹ لیتا ہے۔‘‘ (صحیح البخاری)

آج دنیا اس قدر بدل چکی ہے کہ لوگ ہدیہ اللہ کی رضا کے لیے نہیں بل کہ اپنے مفاد کے لیے دیتے ہیں۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ فرماتے ہیں کہ ہدیہ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ہُوا کرتا تھا آج کل تو یہ رشوت کا روپ دھار چکا ہے۔

اسی طرح ہمارے معاشرے میں یہ بات بھی مشہور ہے کہ کسی کا دیا ہوا تحفہ آگے کسی اور کو نہیں دے سکتے، حالاں کہ شریعت میں ایسی کوئی ممانعت نہیں ہے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک ’’حلہ‘‘ (چادروں کا جوڑا) ہدیے کے طور پر پیش کیا گیا جس کا تانا بانا ریشم سے بنا ہُوا تھا۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ ’’حلہ‘‘ میرے پاس بھیج دیا۔ میں نے حاضر خدمت ہوکر عرض کیا:’’اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میں اسے کیا کروں؟ کیا میں اسے پہن سکتا ہوں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! اس سے فاطمہؓ کو اوڑھنیاں بنا کر دے دیجیے۔ (سنن ابن ماجہ)

ہمارے معاشرے میں ایک رسم یہ بھی چل پڑی ہے کہ شادی بیاہ کے مواقع پر بہ ظاہر تحفے کے طور پر سلامی کے نام سے نقد روپیوں کا لفافہ دیا جاتا ہے، اگر یہ رقم اس لیے دی جائے کہ جسے تحفہ دیا جا رہا ہے وہ اپنی مرضی و منشاء سے اس رقم سے اپنا تحفہ خود خرید لے تو یہ احسن ہے، لیکن ہمارے سماج میں عموماً یہ تحفہ، ہدیہ یا تعاون نہیں ہوتا بل کہ اس کو قرض سمجھا جاتا ہے اور قرض بھی سُودی یعنی جتنی رقم دی جاتی ہے۔

دینے والے کے ہاں جب شادی کی تقریب ہوتی ہے تو اس کی خواہش ہوتی ہے کہ اب لینے والا میری دی ہوئی رقم مع اضافہ لوٹائے اور رواج بھی یہی ہے کہ واپسی کے وقت اضافہ کرکے ہی دی جاتی ہے، ایسا کرنا حرام اور ناجائز ہے۔

بسا اوقات تحفہ دینے کے لیے کوئی چیز موجود ہوتی ہے لیکن خیال آتا ہے یہ تو حقیر چیز ہے، اسے دینے کا کیا فائدہ؟ یہ خیال غلط ہے، اسی طرح جس کے پاس چھوٹا سا تحفہ بھیجا جائے وہ خوش دلی سے قبول کرے کیوں کہ تحائف کے تبادلے سے خوش گوار ماحول پیدا ہوتا ہے۔

ہدیہ دیتے وقت اپنی حیثیت کو سامنے رکھیں اور یہ نہ سوچیں کہ آپ جس کو ہدیہ دیں قیمتی ہدیہ دیں، جو کہ کچھ بھی میسر ہو دے دیجیے، ہدیہ کے قیمتی ہونے، نہ ہونے کا انحصار آپ کے اخلاص اور جذبات پر ہے۔

اور یہی خلوص و جذبات دلوں کو جوڑتے ہیں ہدیہ کی قیمت نہیں جوڑتی، اسی طرح دوست کے کسی ہدیے کو بھی حقیر نہ سمجھیں، اس کے اخلاص پر نگاہ رکھیے۔ آج کے حالات میں کتاب بھی بہترین تحفہ ہے یا سامنے والے کی ضرورت کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے بھی تحفے کا چناؤ کیا جا سکتا ہے۔

حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک بزرگ اپنے شیخ کی خدمت میں حاضر ہوئے، ہدیہ لانے کے لیے پاس کچھ تھا نہیں، راستے میں خشک لکڑیوں کا ایک گٹھا باندھا اور لا کر بہ طور ہدیہ پیش کردیا۔

ان بزرگ نے اس کی اتنی قدر کی کہ ان لکڑیوں کو احتیاط کے ساتھ رکھے رکھا اور وصیت کی کہ میرے مرنے کے بعد غسل کے لیے جو پانی گرم کیا جائے وہ اسی سوختہ سے کیا جائے۔

(بہ حوالہ: حضرت تھانویؒ کے پسندیدہ واقعات)

افسوس! اس وقت ہم لوگوں میں باہم مخلصانہ تحفہ تحائف کے لین دین کا رواج بہت کم ہوگیا ہے اور اگر کہیں ہے بھی تو وہ بھی صرف علماء، مشائخ اور بزرگانِ دین کی شخصیات تک محدود ہے، عزیز و اقارب، اڑوس پڑوسیوں اور دوستوں وغیرہ کو دینے کا رواج تقریباً نہ ہونے کے برابر ہے۔

تحفہ ایک ایسا عطیہ ہے جو دوسرے کا دل خوش کرنے اور اس کے ساتھ اپنا تعلق خاطر ظاہر کرنے کے لیے دیا جاتا ہے، تاکہ اس کے ذریعے رضائے الٰہی کو حاصل کیا جا سکے۔

**یہ عطیہ اگر اپنے کسی چھوٹے کو دیا جائے تو اُس کے ساتھ شفقت و محبت کا اظہار ھے۔ اگر کسی بڑے کو دیا جائے تو اُس کے ساتھ عقیدت و احترام کا اظہار ھے۔ اگر کسی دوست کو دیا جائے تو اُس کے ساتھ علاقہ محبت کے وسیع کرنے کا اظہار ھے۔ اگر کسی ایسے شخص کو دیا جائے جس کی مالی حالت کم زور ھے تو یہ اس کی اشک شوئی اور ھم دردی کا اظہار ھے۔**

# ڈھیروں بچے پیدا کرنے کے سائیڈ ایفیکٹس!



تحریر....
ڈاکٹر طاہرہ کاظم

زیادہ بچے پیدا کرنے کے سوال پر بہت سے لوگ اچھل کر کہتے ہیں، کیوں نہ کریں زیادہ بچے پیدا؟ گھر میں زیادہ بچے اچھے لگتے ہیں، رونق رہتی ہے، ہمیں زیادہ بچے پیدا کرنا پسند تھا وغیرہ وغیرہ۔

کچھ کا بس نہیں چلتا کہ ہمارا منہ نوچ لیں۔ کچھ تو کہہ بھی دیتے ہیں کہ آپ کو کیا تکلیف ہے؟ یہ کیا بات ہوئی بھلا؟ کیا مزہ زندگی کا؟ کیوں بچے کم پیدا کریں؟ کچھ بھی نہیں ہوتا؟ ہمیں نہ حمل کا پتا چلا نہ زچگی کا، آپ نہ جانے کیوں ڈراتی رہتی ہیں؟

ہم چپ رہتے ہیں اور ہنس دیتے ہیں، پردہ بھی تو رکھنا ہے۔

شاید درست بھی کہتی ہیں وہ خواتین کیونکہ زیادہ تر کو جوانی میں کچھ پتا نہیں چلتا۔ گھر میں دائی کے ہاتھوں بچہ پیدا ہو جاتا ہے اور وہ لوٹ پوٹ کر اٹھ کھڑی ہوتی ہیں۔

سماجی مسائل کو ابھی ہم نہیں چھیڑ رہے۔ ابھی بات ہوگی خواتین کی صحت سے متعلق۔۔۔ حمل اور زچگی کے وہ اثرات جو جوانی میں نہ کسی کو محسوس ہوتے ہیں اور نہ ہی نظر آتے ہیں۔

حمل کا سب سے بڑا شکار بچہ دانی اور پیٹ ہیں۔ بار بار پھولتا اور پچکتا پیٹ اور بچہ دانی۔ بڑھا ہوا پیٹ تو فوراً یہ کہہ کر قبول کرلیا جاتا ہے کہ کیا کریں؟ پیٹ تو بڑھ ہی جاتا ہے اتنے بچوں کے بعد۔

لیکن یہی بڑھا ہوا پیٹ اور موٹاپا، شوگر، بلڈ پریشر جیسی بیماریوں کی جڑ ہے جن میں تقریباً ہر عورت **40** سال کی عمر کے بعد مبتلا نظر آتی ہے۔ دواؤں کا ڈھیر پھانک کر زندگی گزارنا نہ جانے کیسے نارمل سمجھا جاتا ہے۔

حمل کے نتیجے میں پھیلتی اور سکڑتی بچہ دانی وقت کے ساتھ ساتھ بوسیدہ ہو جاتی ہے جس کی بناوٹ میں استعمال ہوئے زیادہ تر فائبرز شکستہ نظر آتے ہیں۔ نہ صرف حمل بلکہ اسقاط بھی بچہ دانی کو بری طرح متاثر کرتا ہے۔

بہت سے حمل ہو جانے کے بعد جوانی میں بھی خطرہ رہتا ہے کہ بچہ دانی ویجائنا کے راستے کھسکتی ہوئی باہر کو نہ لٹک جائے۔ اگر ایسا ہو بھی تو پوری بچہ دانی تو باہر نہیں آتی لیکن اس کا ایک حصہ ویجائنا میں محسوس ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

**50** سال کی عمر کے بعد جونہی ہارمونز ختم ہوئے، پہلے سے ڈھیلی پڑی بچہ دانی اپنی جگہ پر قائم نہیں رہ پاتی۔ شروع میں بچہ دانی ویجائنا کے راستے باہر کو کھسکنا شروع ہوتی ہے۔ پھر نتیجتاً ویجائنا میں ہر وقت بوجھ کا احساس ہوتا ہے اور پھر کچھ موجود ہونے کی عام شکایت ہوتی ہے۔ جلد ہی بات اس سے آگے بڑھ جاتی ہے اور پوری کی پوری بچہ دانی ویجائنا سے باہر لٹک جاتی ہے۔ ٹانگوں کے بیچ ٹینس کی گیند جیسی لٹکی ہوئی بچے دانی کی اذیت شاید ہی کوئی محسوس کر سکتا ہو۔ مسلسل رگڑ کی وجہ سے بچے دانی پر زخم بن جاتے ہیں جس سے خون رستا رہتا ہے۔

پیٹ کے نچلے حصے میں بچہ دانی، مثانہ اور مقعد تینوں آگے پیچھے پائے جاتے ہیں۔ اگر بچہ دانی اپنی جگہ پر قائم نہ رہے اور باہر کو لٹک جائے تب مثانہ اور مقعد کیسے اپنی جگہ پر قائم رہ سکتے ہیں؟ مثانہ اور مقعد بھی اپنی جگہ سے کھسکتے ہوئے ویجائنا کے راستے باہر آ جاتے ہیں جس کے نتیجے میں پیشاب اور پاخانے کا اخراج انتہائی مشکل بن جاتا ہے۔ زیادہ تر ہاتھ سے دبا کر فراغت حاصل کی جاتی ہے۔

یقین کریں بے شمار عورتیں شرم کی وجہ سے کسی کو کچھ بتا نہیں پاتیں اور بچہ دانی کی اذیت جھیل کر بقیہ زندگی گزارتی ہیں۔ **60** سے **70** سال کی خواتین سے کبھی پوچھ کر دیکھیے گا کہ کیا کچھ ہے جس کی پردہ داری ہے۔

بچہ دانی، مثانہ اور مقعد کے باہر لٹک آنے سے بہت پہلے پیشاب پاخانے اور ہوا پر کنٹرول خراب ہونا شروع ہوتا ہے۔ ویجائنا کی پوزیشن ایسی ہے کہ مثانہ آگے ہوتا ہے اور مقعد پیچھے۔ زچگی کے دوران ویجائنا میں موجود بچے کا سر مثانے اور مقعد پر پریشر ڈالتا ہے۔ بعض اوقات دو گھنٹے، کبھی تین گھنٹے، یہی وہ وقت ہوتا ہے جب زچہ زور لگا کر بچے کو باہر کی طرف دھکیلتی ہے۔ بچہ دانی پر بے تحاشا زور اور بچے کے سر کا مقعد اور مثانے پر مسلسل پریشر۔۔۔ اس کا نتیجہ شاید آپ کو ابھی پتا نہ چلے لیکن ادھیڑ عمری میں جب پیشاب، پاخانے اور ہوا پر قابو نہ رہے تب خاتون سمجھ نہیں پاتی کہ اس کے ساتھ یہ ہوا کیا؟

غسل خانے جاتے ہوئے پیشاب نکل جانا، چھینک مارتے ہوئے پیشاب کے قطرے خارج ہو جانا، ہوا پر کنٹرول نہ ہونا، پاخانہ لیک ہو جانا۔۔۔ ان تمام مسائل کو ادھیڑ عمری کے کھاتے میں ڈال دیا جاتا ہے لیکن اصل میں یہ خراج ہے زچگی کے عمل کا۔

گاؤں دیہات میں کسی مشکل کی وجہ سے اگر زچگی معمول سے زیادہ وقت لے تو نتیجہ فسٹولا کی صورت میں نکلتا ہے۔ فسٹولا ایک سوراخ ہے جو مثانے اور ویجائنا یا ویجائنا اور مقعد کے درمیان بنتا ہے۔ وجہ ویجائنا میں موجود بچے کے سر کا پریشر ہے جو مثانے اور مقعد کو گل جانے پر مجبور کرتا ہے۔ مثانے میں بنے اس سوراخ سے ہر وقت پیشاب ویجائنا کے راستے باہر کو رستا رہتا ہے اور یہی حساب پاخانے کا بھی ہوتا ہے جو مقعد میں بنے سوراخ کے ذریعے ویجائنا کے راستے باہر آتا ہے۔

مشکل یہ ہے کہ ان امراض سے متعلق آگہی اس لیے بھی بہت کم ہے کیونکہ مرد زچگی اور حمل سے نہیں گزرتا اس لیے اسے ان مسائل کا ادراک نہیں۔ جان لیجیے کہ ہر حمل اور زچگی عورت کے جسم سے اپنا ٹیکس وصول کرتے ہیں۔

پیاری خواتین! زندگی کے اس سفر میں یہ جسم آپ کی سواری ہے۔ یہی سواری آپ کے سفر کو آرام دہ بنائے گی اور مشکل بھی۔ اس سواری کا تیل پانی چیک کرنا، اسے کسی بھی حادثے یا کڑی دھوپ اور آندھی طوفان سے بچانا آپ کی ذمہ داری ہے۔ سو اگر آپ نے زندگی ڈاکٹروں کے سہارے نہیں گزارنی تو اپنے جسم کو بچے پیدا کرنے کی فیکٹری مت بنائیے۔

J&K Bank
Serving To Empower

BAJAJ Allianz
Caringly yours

## Hospital Bills can Exhaust your Family's Hard Earned Life Savings



**Bajaj Allianz Family Health Care policy covers you and your family from expenses incurred during hospitalization along with the added benefits of Health Prime Rider.**

**Bajaj Allianz Family Health Care's Benefits:**

- Pre & Post Hospitalization Expenses
- Road Ambulance
- Day Care Procedures
- Organ Donor Expenses
- Sum Insured Reinstatement Benefit

**Benefits of Health Prime Rider:** In Patient Hospitalization Expenses

- Rider for both Individual & Family Floater Basis**
- 24*7 Unlimited Tele-Consultation
- Investigations Cover
- 139000+ Doctors
- Preventive Health Check-up (45+ Test Parameters at Network Centers)

**Based on the variant opted in health plan

To know more, contact your **J&K Bank's Relationship Manager**

Bajaj Allianz General Insurance Co. Ltd., Bajaj Allianz House, Airport Road, Yerawada, Pune - 411006. IRDAI Reg No.: 113. | CIN: U66010PN2000PLC015329 | UIN: BAJHLIP22024V032122-Family Health Care , BAJHLGA22166V012122 -Health Prime Rider (Group) | web: www.bajajallianz.com | Toll free: 1800-209-5858 / 1800-209-0144

J&K Bank Ltd is a licensed Corporate Agent [bearing License No.: CA0029] of Bajaj Allianz General Insurance Company Ltd. [IRDAI registration No. 113]. The benefits/features of products are indicative and for more details on risk factors and Terms and Conditions, please read the sales brochure before concluding a sale.

PUBLISHED BY: BISMA TAJAMUL, PRINTED BY: BISMA TAJAMUL on behalf of BISMA TAJAMUL R.N.I No: JKURD/2011/37141,
Printed At : K.T. Press Pvt Ltd. Rangreth Budgam J&K 190021 , Published From: NEW BUS STAND, BUDGAM J&K 191111, Editor: BISMA TAJAMUL
CONTACT NO. 9419786936, 6006551484, EMAIL: WATTANDAILY@GMAIL.COM,